# گروپ سیونگز پلان

# Group Savings Plan

ایک پیسہ بچانا، ایک روپیہ کمانا ہے

یہ کہاوت نہیں حقیقت ہے، ایسا ہونے کی نسبت اسکا حصول زیادہ آسان لگتا ہے، اک آجر کے حیثیت سے، آپ اپنے ملازمین کے مستقبل کیلیئے مالی تحفظ میسّر کر سکتے ہیں، اس کے لئے آپکو ایک ایسے مالی ذریعے کی ضرورت ہے جو آپکے ملازمین کو اپنی تنخواہ کا کچھ حصہ مستقل طور پر بچا کر، بیمہ کے فوائد کا لطف اٹھانے کے ساتھ ساتھ، پلان کے اختتام پر ایک بڑی رقم مہیّا کر سکے، ای ایف یو لائف پیش کرتا ہے، Group Savings Plan، ایک لچکدار اور اعلیٰ اقدار کا سیونگز اور تحفظاتی پلان، یہ پلان ملازمین کی سیونگز کو سہولت میسّر کرتا ہے اور ان کو انکی مرضی کے مطابق ایک مجموعی فنڈ حاصل ہونے کا اطمینان بخشتا ہے، اس کم قیمت، بہ آسانی عمل کئے جانے والے پلان کے ذریعے، آپ اپنے ملازمین کو فنڈز مینیجمنٹ اور مالی تحفظ کا ایک منفرد پیکیج مہیا کر سکتے ہیں،

پلان کی نشو ونما کے مواقع Opportunity for Growth

اس پلان کے تحت، پلان میں اپنے ملازمین کیلیئے آپکے منتخب کردہ فنڈ میں دیئے گئے حصوں contributions کو یونٹوں کی خریداری کے لئے استعال کیا جائے گا،

فنڈز کا مقصد سرمایہ کاری کیلیئے وسیع دائرے میں پھیلے ہوئے حاصل مواقع کے ایک متوازن ذریعے میں سرمایہ کاری کر کے سرمایہ کی گروتھ کو فروغ دینا ہے،

فنڈ کے انتخاب کا اختیار

اس اختیار کے تحت، آپ کے پاس آپشن ہے کہ اپنے خطرات کے میلان اور سرمایہ کاری کے مقصد کی بنیاد پر، پالیسی کے اجراء پر، کوئی ایک یونٹ فنڈ منتخب کر لیں، آپکو درج ذیل تین یونٹ فنڈز میں سے ایک کو منتخب کرنے کا اختیار ہوگا:

- ☆ ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ EFU Managed Growth Fund
- ☆ ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ EFU Guaranteed Growth Fund
- ☆ ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ EFU Aitemad Growth Fund

ن فنڈز کا استعمال اور اس کی نگرانی سرمایہ کاری کے ماہرین کے ذریعے کی جاتی ہے جو سرمایہ کاری کے مواقع، معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے بہتر استعمال پر نظر رکھتے ہیں،

افراط زر سے تحفظ Inflation Protection

دوسری ضروریات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے، ، ہوسکتا ہے کہ ملازم ابھی جو سرمایہ کاری کرے اور اس پلان میں اپنا حصہ contribution دے، خواہش کے مطابق ٹارگٹ فنڈ پروان چڑھانے کیلیئے درکار حصہ contribution اس سے زیادہ ہو، ملازمین کو یہ خدشہ بھی لاحق ہوتا ہے کہ آیا انکی سیونگز اپنی ویلیو برقرار رکھیں گی یا نہیں جس طرح روز بروز پیسے کی قدر گرتی جا رہی ہے، خودکار افراطِ زر سے تحفظ Built in Inflation Protection کے باعث، ملازم کو یہ تحفظ اور ذہنی سکون میسّر ہوگا کہ پلان سے حاصل فوائد ہر سال خودکارانہ طور پر وقت کے ساتھ ساتھ اپ ڈیٹ update ہو جائیں گے، اس اختیار کے تحت، پالیسی میں حصہ contribution پچھلے سال کے حصے کے ۵ فیصد کے حساب سے بغیر کسی طبّی شہادت کے، انشورنس کے فوائد میں مناسب اضافے کے ساتھ ہر سال بڑھے گا، یہ فائدہ ۵۵ سال کی عمر تک دستیاب ہے بشرطیکہ ملازم کو ابتدائی طور پر معمول کی شرائط پر پالیسی میں شامل کیا گیا ہو، ملازم کو اس فائدے سے کسی بھی وقت دستبردار ہونے کا اختیار ہے، البتہ اس کی بحالی طبّی شہادت سے مشروط ہوگی،

فنڈ ایکسلریشن پریمیم (Fund Acceleration Premiums {FAP})

اس فائدے سے یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ زندگی میں کبھی نہ کبھی کسی کے پاس اضافی رقم ہوتی ہے جو بچت کیلئے استعمال کی جاسکتی ہو، EFU Group Savings Plan ایک باقاعدہ حصے contribution کا پلان ہے لیکن آپکے ملازمین کو یہ لچک فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنی اضافی رقوم کے ذریعے، پلان میں یکمشت حصے contributions ڈال کر اپنی سیونگز کو مزید تقویت پہنچائیں مثلاً بونس وغیرہ وصول ہونے پر، یہ یکمشت ادائیگیاں جنہیں FAP کا نام دیا گیا ہے پلان کے آغاز پر یا پلان کے دوران کی جاسکتی ہیں، FAP کے تحت ادائیگیاں پلان کی کیش ویلیو بڑھائیں گی مگر اس سے سم ایشورڈ پر کوئی فرق نہیں پڑے گا،

سیونگز تک رسائی Access to Savings

مستقبل کے بارے میں کوئی کچھ نہیں کہہ سکتا، اگر حالات تبدیل ہوجائیں اور آپکے ملازمین کو نقد رقم کی ضرورت پڑ جائے، تو پلان میں دو سال کے پریمیم کی مکمل طور پر ادائیگی کے بعد، وہ اس پلان کو یونٹوں کی کُل بِڈ ویلیو bid value کیلئے بھنوا سکتے ہیں، یہاں یہ جاننا ضروری ہے کہ ابتدائی سالوں میں پالیسی کی ویلیو کم ہونے کا امکان ہے کیونکہ پلان سرمایہ کاری کی طویل المیعاد منصوبہ بندی کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے،

اسی کے ساتھ ساتھ، ملازم جمع شدہ سرمائے کا ایک مختصر حصہ بھی لینا چاہے تو یہ پلان کسی بھی وقت، دو سال کے پریمیم کی مکمل ادائیگی کے بعد، اور بعد ازاں پریمیم کی ادائیگی جاری رکھنے اور پلان کو قابل عمل رکھنے کی صورت میں، جزوی رقوم نکالنے کی سہولت بھی مہیا کرتا ہے، یہ سہولت اس وقت حاصل ہے کہ ایسی کوئی جزوی رقم نکالنے کے بعد، پلان میں کم از کم ۱۰،۰۰۰ روپے کیش ویلیو موجود رہے،

ایک ''سیفٹی نیٹ'' میں سرمایہ کاری Investment with a "Safety Net"

جیسے ہی کوئی ملازم گروپ سیونگز پلان کا آغاز کرتا ہے، اسکو لائف انشورنس کا گارنٹیڈ درجہ حاصل ہوجائے گا، اس تحفظ کا مطلب ہے کہ وفات کی صورت میں پسماندگان وصول کریں گے:

پلان کا سم ایشورڈ یا انتقال کے وقت پلان کی کیش ویلیو، جو بھی زیادہ ہو

اور

فنڈ ایکسلریشن پریمیم (FAP) کی کوئی بھی کیش ویلیو

ملازم کو اپنی عمر کی موجودہ حالت اور لائف انشورنس کے تحفظ کی ضرورت کے مطابق کسی تحفظاتی درجے (protection level) کے انتخاب کی لچک حاصل ہے، ملازم کے اسٹیٹس status کے اعتبار سے، یہ پلان آغاز پر کم سے زیادہ سم ایشورڈ منتخب کرنے کی سہولت مہیا کرتا ہے اس لچک کے ساتھ کہ اگر ملازم کے حالات بدلتے ہیں تو وہ اس کو تبدیل کرلیں، مزید تفصیلات کیلئے آگے دیئے گئے ''سم ایشورڈ'' ملاحظہ فرمایئے،

ریٹائرمنٹ انکم

پلان کے اختتام پر، ملازم کی ضرورت ایک بڑی رقم کے مقابلے میں ایک مستقل ریٹائرمنٹ انکم بھی ہوسکتی ہے، یہ پلان اپنے اختتام پر موجود ویلیو کو پنشن پلان میں تبدیل کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے تاکہ ریٹائرمنٹ کے بعد، ملازم کا معیار زندگی برقرار رہے، قابل ادائیگی انکم (کمپنی کی کم سے کم کے مطابق)، یقینی ادائیگی کے دور پر، سرمائے کی ویلیو پر اور اُس وقت ملازم کی عمر پر منحصر ہوگی،

تبادل کا اختیار Conversion Option

اگر اسکیم کے تسلسل کے دوران، کوئی ملازم ملازمت چھوڑنا چاہے تو اسکو موجودہ گروپ سیونگ پلان کو ای ایف یو لائف کے انفرادی پلانوں میں سے کسی ایک پلان میں تبدیل کروانے کا اختیار حاصل ہوگا، اس سے یقین حاصل رہے گا کہ پلان اپنے اختتام تک جاری رہے گا اور پالیسی ہولڈر کی سیونگز سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہوگا،

دیگرضروری تفصیلات

اہلیت: کم سے کم ۱۸ سال اور زیادہ سے زیادہ ۶۵ سال،

مدّت: گروپ سیونگز پلان ۵ سے ۲۵ سال کے درمیان کسی بھی مدّت کیلئے ہوسکتا ہے، شرط یہ ہے کہ پلان کے اختتام پر زیادہ سے زیادہ عمر ۷۵ سال ہے،

پریمیم: کم از کم پریمیم ۵،۰۰۰ روپے سالانہ ہے، ماہانہ پلانوں کیلئے کم سے کم پریمیم ۵۰۰ روپے ماہانہ ہے،

فنڈ ایکسلریشن پریمیم FAPs کی ادائیگیوں کے لئے کم سے کم حصہ contribution ۵،۰۰۰ روپے سالانہ ہے،

یونٹ کی فی صد تقسیم اور چارجز Unit Allocation Percentage & Charges

یونٹوں میں سرمایہ کاری کیلئے، حصے contribution کا تناسب پالیسی سال کی مناسبت سے مختلف ہوتا ہے، جو درج ذیل ہے:

| پالیسی سال | تقسیم (فی صد کے اعتبار سے) |
|---|---|
| ۱ | ۸۵ فیصد |
| ۲ | ۹۰ فیصد |
| ۳ | ۹۵ فیصد |
| ۴ سال یا اس سے زائد | ۱۰۰ فیصد |
| بونس یونٹ کی تقسیم | |
| ۶ | ۱۰ فیصد |
| ۱۱ | ۲۰ فیصد |

حصے contribution کو یونٹوں کیلئے منتخب فنڈ میں پیشکش بولی offier price پر مقرّر کیا جائے گا،

یونٹوں کی تقرری، کمپنی کے ہیڈ آفس میں پریمیم کی وصولی کے فوراً بعد فنڈ کی اگلی ویلیویشن پر پرموجود قیمت پر طے ہوگی،

سم ایشورڈ Sum Assured

وفات کی صورت میں سم ایشورڈ یقینی قابل ادائیگی رقم ہے، سم ایشورڈ کا تعین بنیادی سالانہ پریمیم کو پروٹیکشن ملٹیپل Protection Multiple سے ضرب دیکر کیا جاتا ہے، جو درج ذیل ٹیبل سے منتخب کیا جاسکتا ہے:

| عمر | پروٹیکشن ملٹیپل |
|---|---|
| ۱۸ سے ۳۵ سال | ۵ سے ۴۵ |
| ۳۶ سے ۴۰ سال | ۵ سے ۳۵ |
| ۴۱ سے ۴۹ سال | ۵ سے ۲۵ |
| ۵۰ سے ۶۵ سال | ۵ سے (۷۵ نفی عمر) |

میچورٹی بینیفٹ

پلان کے اختتام پر، پالیسی کی کُل کیش ویلیو قابل ادائیگی ہے،

اضافی فوائد

گروپ سیونگز پلان کیلئے وفات کی صورت میں اضافی فائدہ additional death benefit حاصل ہے اور آجر اسکیم کی ویلیو بڑھانے کیلئے اس فائدے کو پلان میں شامل کرسکتا ہے،

وفات کی صورت میں اضافی فائدہ، حادثاتی موت کے باعث وفات ہونے پر اضافی تلافی مہیّا کرتا ہے،

چارجز: پلان میں درج ذیل چارجز کا اطلاق ہوتا ہے:

- سرمائے کی تنظیم کا خرچ Investment Management Charges: ہر ماہ فنڈ کی قدر کا 0.125%
- بِڈ/آفر سپریڈ Bid/Offer Spread: کل حصے کا ۵ فیصد
- انتظامی اخراجاتAdministration charges : ۲۴۰ روپے سالانہ

ہر سال پالیسی ہولڈر کی عمر کے رسک کے پیش نظر ماہانہ مورٹیلیٹی چارج mortality charge لاگو ہوتا ہے،

Automatic Non-Forfeiture Option:

اگر دو سال تک پورے پریمیم ادا کر دئے گئے ہوں اور پھر کسی وجہ سے انکی ادائیگی رک جائے تو کمپنی غیر ادا شدہ پہلے پریمیم کی تاریخ سے ایک سال کے عرصے کیلئے بنیادی پالیسی کو قائم رکھے گی، اس ایک سال کے دوران کمپنی انتظامی اور تحفظ کے اخراجات کی ادائیگی کے لئے کافی یونٹس کو منسوخ کردے گی، اس عرصے کے اختتام پر اگر پالیسی کی کوئی کیش ویلیو ہوئی تو وہ ''پیڈ اپ پالیسی'' میں تبدیل کر دی جائیگی، اس صورت میں مزید کوئی پریمیم قابل ادائیگی نہیں ہونگے اور وفات پر یا پالیسی کے اختتام پر قابل ادائیگی رقم پالیسی کی کیش ویلیو کے برابر ہوگی، پالیسی کے ہر سال پر کمپنی پالیسی کو جاری رکھنے کے انتظامی خرچ کی ادائیگی کے لئے کافی یونٹس کو منسوخ کردے گی،

یہ کتابچہ گروپ سیونگز پلان کا ایک عام جائزہ پیش کرتا ہے،
معاہدہ پالیسی کی شرائط وضوابط میں دی گئی تفصیلی شرائط کے تحت عمل میں آئے گا،
ای ایف یو لائف سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے رجسٹرڈ شدہ ہے اور انکی زیر نگرانی ہے،